## باب نمبر6

# معذوریوں کی شناخت کیلئے راہ نما

اس باب میں ایک چارٹ دیا گیا ہے جو بچے میں ممکنہ معذوری معلوم کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔

چارٹ کے پہلے کالم میں مختلف معذوریوں کی آسانی سے نظر آنے والی علامات درج ہیں۔ ان میں سے کچھ علامات ایک سے زیادہ معذوری میں ہوتے ہیں۔ اس لئے دوسرے کالم میں دوسری علامات کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کی مدد سے ملتی جلتی معذوریوں میں فرق کیا جاسکتا ہے۔ **تیسرے کالم** میں ان معذوریوں کے نام ہیں جن کی یہ علامات ہوسکتی ہیں۔

اگر پہلے کالم میں آپ کو مطلوبہ علامت نظر نہ آئے تو دوسری علامت دیکھیں یا دوسرے کالم میں درج علامات دیکھیں۔

اس چارٹ سے آپ کو بچے کی ممکنہ معذوریاں معلوم کرنے میں مدد ملے گی۔ بہتر یہی ہوتا ہے کہ ہر امکان کو دیکھا جائے کسی بھی معذوری کے باب کے پہلے صفحے میں علامات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

**اہم:** معذوریوں کو غلط سمجھا جاتا ہے۔ اس کتاب میں دوسری معذوریوں کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ اگر آپ کو یقین نہ ہو تو کسی تجربہ کار آدمی سے مدد لیں۔
بعض اوقات ایکسرے یا خصوصی ٹیسٹوں کی ضرورت ہوسکتی ہے تاکہ مسئلہ معلوم ہوسکے۔

خوش قسمتی سے ہمیشہ یہ جاننا ضروری نہیں ہوتا کہ بچے کو کونسی معذوری ہے۔ مثلاً اگر بچے کی ٹانگیں کمزور ہوگئی ہوں اور آپ کو وجہ کا یقین نہ ہو تو آپ، پھر بھی اس کی مدد کرسکتے ہیں۔ ان معذوریوں کے بارے میں باب پڑھیں کہ جس سے ویسے مسائل ہوسکتے ہیں اور بچے کے دوسرے مسائل کے بارے میں دوسرے باب بھی پڑھیں۔ اس بچے کے بارے میں آپ کو پولیو Contractures (جب پٹھے چھوٹے رہ جاتے ہیں) ورزشوں، چلنے میں سہولت فراہم کرنے والے اوزار اور پہیوں وغیرہ کے ابواب سے مفید معلومات مل سکتی ہیں۔

بعض اوقات مخصوص معذوری معلوم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کچھ معذوریوں کیلئے خصوصی خوراک یا دوائوں ضرورت ہوتی ہے مثلاً شکوری (جب رات کو نظر نہیں آتا) سوکھا یا ذہنی وجسمانی طور پر معذوری بچے کیلئے کچھ ضروری آپریشن کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثلاً Spliabifida وغیرہ اور مزید مسائل سے بچنے کیلئے کچھ مخصوص احتیاطی تدابیر کی ضرورت ہوتی ہے مثلاً ریڑھ کی ہڈی کا زخم اور جزام جب بھی ممکن ہو زیادہ تجربہ کار لوگوں سے معلوم اور مشورہ حاصل کریں (لیکن ماہرین بھی ہمیشہ ٹھیک نہیں ہوتے کوئی کام کرنے کے لئے اس کی وجوہات کو سمجھے بغیر کسی کے مشورے پر عمل نہ کریں اور یہ دیکھیں کہ اگر اور کیوں وہ مشورہ اس فرد پر لاگو ہوتا ہے۔)









اس چارٹ کے علاوہ اس کتاب میں معذوروں کی نشاندہی کرنے کے لئے دو دوسرے راہ نما دیے گئے ہیں۔



جوڑوں کے درد کی وجوہات کی نشاندہی کیلئے راہ نما
مرگی کی مختلف اقسام کی نشاندہی اور علاج کے لئے راہنما



# معذوریوں کی نشاندھی کیلئے راہ نما

## پیدائش کے وقت یا پیدائش کے بعد کی علامات


| اگر بچے میں یہ ہو | اور یہ بھی | بچے کو یہ ہو سکتا ہے |
|---|---|---|
| اگر بچہ کمزور پیدا ہو<br>سر اٹھانے یا بازو ہلانے میں سست ہو | ☆مشکل پیدائش<br>☆سانس دیر سے لیا تھا۔<br>☆یا نو مہینوں سے پہلے اور بہت چھوٹا پیدا ہوا تھا | Cerebral Palsy فالج<br>نشوونما میں تاخیر |
| | ☆گول چہرہ<br>☆ترچھی آنکھیں<br>☆موٹی زبان  | ☆منگول<br>☆ذہنی وجسمانی کمزوری |
| | ☆چھوٹا سر یا سر کا اوپر<br>والا حصہ چھوٹا ہونا  | ذہنی معذوری (چھوٹا دماغ ☆ |
| | ان میں سے کوئی نہیں | دوسری وجوہات کی وجہ سے توانائی میں تاخیر |
| صحیح طریقے سے چوس<br>نہ سکے یا دودھ اور<br>خوراک سے سانس بند ہونا  | ☆زبان سے دودھ واپس نکالنا یا چوستا نہ ہو | فالج (Cerebral Palsy) |
| | ☆صحیح طرح چوس نہ سکے<br>☆سانس بند ہوتا ہو یا ناک سے دودھ نکلتا ہو | تالو کا معائنہ کریں<br>ممکنہ شدید ذہنی معذوری  |
| ایک یا دونوں پیر<br>اندر یا پیچھے مڑے<br>ہوں  | کوئی اور علامات نہ ہوں | مڑے ہوئے پیر |
| | کمزور، سخت یا مڑے ہوئے ہاتھ<br>سخت اندر کی طرف مڑے<br>ہوئے یا سیدھے جوڑ  | جوڑوں کا درد |
| | کمر پر گہری گلٹی | Spina bifida |
| کمر پر گہری گلٹی  | مڑے ہوئے پیر<br>یا زیادہ مڑے ہوئے پیر<br>یا پیروں میں حرکت اور احساسات کی غیر موجودگی | Spianbifida<br>(بعض اوقات گلٹی دکھائی نہیں دیتی مگر پیروں کی علامات ہو سکتی ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| بہت بڑا سر بڑھتا ہے  | غروب آفتاب کی طرح آنکھیں<br>بڑھتی ہوئی ذہنی اور یا<br>جسمانی معذوری<br>اندھاپن  | دماغ پر پانی<br>پیدائش کے وقت یہ عام طور پر Spianafida کی علامت ہوتی ہے۔<br>زیادہ عمر کے بچے میں دماغ میں کیڑا یا رسولی |
| نامکمل اوپر کا ہونٹ یا منہ  |  خوراک میں مشکل<br>بعد میں گویائی کے مسائل | ہونٹ اور تالو میں دوبارہ |
| پیدائشی نقائص یا کم اعضاء  | دوسرے مسائل سے اس کا واسطہ ہو سکتا ہے اور نہیں بھی | دیکھیں، پیدائشی نقائص<br>کٹے ہوئے ہاتھ پیر نشوونما میں تاخیر Deswnsyndrome |
| غیر معمولی اکڑپن یا حالت  | پیدائش سے، کچھ پٹھوں کی کمزوری، کچھ جوڑ اکڑ جاتے ہیں، جیسے سر کا کنٹرول اور دماغ | جوڑوں کا درد  |
| | کچھ حالتوں میں پٹھے زیادہ کس جاتے ہیں<br>انگوٹھے کی سخت پکڑ  | فالج Cerebral palsy<br>نوٹ: عام طور پر پٹھوں کا کس جانا پیدائش کے کچھ ہفتوں یا مہینوں تک نمودار نہیں ہوتا۔ |
| ایک ہاتھ کمزور یا<br>عجیب حالت میں ہو  |  بازو زیادہ نہ ہلاتا ہو<br>اس طرح پکڑتا ہو | پیدائش کے وقت کندھے کے اعصاب کو نقصان کی وجہ سے کمزوری |
| | اسی طرف کی ٹانگ اکثر متاثر ہوتی ہے | ایک طرف کا فالج |
| پیدائشی اپنی جگہ سے ہلا ہوا کولہا ٹانگ مختلف طریقے سے رکھنا چھوٹا کولہا شرمگاہ کے اوپر آتا ہے   | اس طرح ٹانگیں کھولنے سے ٹانگ تھوڑی دیر کیلئے ایک جگہ جاتی ہیں یا زیادہ نہیں کھلتیں  | پیدائشی کولہے اپنی جگہ سے ہلے ہوتے ہیں اس کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے<br>Spian bifida , Down syndrone<br>جوڑوں کا درد |
| آواز یا چیزیں دیکھنے پر ست ردعمل  | ایک یا ایک سے زیادہ مسائل کی وجہ سے ہو سکتا ہے | یہ علامات دیکھیں<br>نشوونما میں تاخیر<br>فالج Cerbral Palsy<br>اندھاپن، بہرہ پن |






| | | |
|---|---|---|
| **بچوں میں علامات**<br>دوسرے بچوں کی نسبت کام سست کرنا (بیٹھنا، ہاتھ استعمال کرنا، دلچسپی دکھانا، چلنا، بولنا)<br> | زیادہ تر یا سب شعبوں میں سست ہوں<br>گول چہرہ، ترچھی آنکھیں، ہاتھ میں ایک گہری سلوٹ<br> | نشوونما میں تاخیر دوسری علامت دیکھیں<br>منگول Downsyndronc |
| | سست حرکتیں اور ردعمل، خشک اور ٹھنڈی جلد<br>اکثر ماتھے پر بال<br>پپوٹے سوجھے ہوئے ہوتے ہیں<br> | ذہنی وجسمانی کمزوری |
| | مسلسل عجیب حرکتیں یا حالات اور یا اکڑپن<br> | فالج Cerebral Palsy<br>اندھاپن، بہرہ پن، غیر متوازن خوراک بھی دیکھیں |
| آواز پر ردعمل نہیں ظاہر کرتا، تین سال کی عمر تک بولنا شروع نہیں کرتا<br> | کچھ آوازوں پر ردعمل ظاہر کرتا ہو لیکن دوسروں پر نہیں کرتا ہو کان میں پیپ کو دیکھیں | بہرہ پن، نشوونما میں سنگین تاخیر (بہرے پن کے ساتھ اور بغیر)<br>شدید فالج دیکھیں |
| چیزیں دیکھنے کیلئے سر کو نہیں موڑتا، یا جب تک چیزیں چھوتی نہیں تب تک ان کی طرف نہیں بڑھتا<br> | آنکھیں صحیح دکھائی دے سکتی ہیں اور نہیں بھی | اندھاپن اور یا<br>شدید ذہنی معذوری<br>شدید فالج (Cerebral Palsy) |
| آنکھیں یا پپوٹے تیز، غیر ہموار یا عجیب طریقے سے ہلتی ہوں<br> | ان میں سے ایک یا ایک سے زیادہ دیکھیں | اندھاپن، مرگی، بہت زیادہ دوائیں<br>فالج، دوسرے مسائل جو دماغ پر اثر انداز ہوتے ہیں یا نقصان پہنچاتے ہیں |
| سارا جسم یا کچھ حصوں کی عجیب حرکتیں<br> | اچانک شروع ہوتا ہے، بچہ گر سکتا ہے یا بے ہوش ہوسکتا ہے۔<br>دوروں کے درمیان بچہ بالکل ٹھیک ہوتا ہے۔<br>سست اور اچانک حرکتیں، نیند کے علاوہ مسلسل بے ہوش نہیں ہوتا۔<br> | مرگی کے دورے (مختلف بچوں میں یا ایک ہی بچے میں مختلف طریقوں سے ہوسکتے ہیں)<br>نوٹ: فالج اور مرگی ایک ہی بچے کو ہوسکتے ہیں۔ |
| سارا جسم یا اس کے کچھ حصے کچھ حالتوں میں اکڑ جاتے ہیں، کچھ یا سب حرکتوں پر قابو اچھا نہ ہو | مختلف بچوں میں مختلف حالت جسم پیچھے کی طرف اور ٹانگیں ایک دوسرے کے اوپر اکڑ سکتے ہیں۔<br> | فالج |




| | | |
|---|---|---|
| **جسم کے کمزور اور مفلوج حصے:**<br>ڈھیلا، لنگڑا جسم، بازو اور ٹانگیں متاثرہ حصوں میں محسوس کرنے کی صلاحیت ہو سکتی، نہیں سکتے،<br>پیدائش کے وقت صحیح ہو | دو سال کی عمر سے پہلے زکام اور بخار کے ساتھ شروع ہوا، کمزور حصوں کی  غیر متوازن شکل اکثر ایک یا دونوں ٹانگیں، بعض اوقات بازو کندھا، ہاتھ وغیرہ۔<br>آہستہ شروع ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ خراب تر ہوتا رہتا ہے، جسم کے دونوں حصوں پر تقریباً برابر، اکثر خاندان کے دوسرے افراد میں بھی ہوتا ہے۔ <br> فالج ٹانگوں میں شروع ہو کر اوپر کی طرف بڑھتا ہے، پورا جسم متاثر ہو سکتا ہے، یا فالج کی مختلف شکلیں کمر پر پھوڑا | پولیو<br>پٹھوں کی کمزوری<br>پٹھوں کے خوراک کی کمی<br>چچڑی کا فالج <br>Guillain Bare فالج<br>(عموماً مستقل نہیں ہوتا<br>' کیڑے مار دواؤں، کیمکلز اور خوراک سے فالج،<br>ریڑھ کی ہڈی کا ٹی بی |
| ڈھیلا یا لنگڑا پن<br>عموماً محسوس کرنے کی صلاحیت میں کچھ کمی | ایک یا دونوں ہاتھ یا پیر،  بڑی عمر کے بچوں میں آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور بدتر ہوتا جاتا ہے<br>پیدائشی کمر پر پھوڑا، کمزور، پیر اکثر محسوس کرنے کی صلاحیت کے بغیر  | جزام<br>Spinabifida<br> |
| | عموماً کمر یا گردن کی چوٹ سے، چوٹ کے پچھلے حصے میں کمزوری اور احساسات کا کھونا، پٹھوں کا کس جانا ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی، مثانے اور پاخانے کو قابو نہ کر سکنا۔<br>جسم کے ایک حصے کو جانے والے اعصاب میں زخم | ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ <br>زیریں جوارح عموماً بشمول بلیڈر اور وکیم کا فالج<br>جسم کے اوپر اور نیچے دونوں حصوں کا فالج<br><br>بعض اوقات بیساکھیوں کے غلط استعمال کی وجہ سے ہاتھوں کی کمزوری |
| کمزوری کے ساتھ پٹھے کا کس جانا<br>محسوس کرنے کی صلاحیت میں کوئی کمی نہیں | عموماً جسم کو ان طریقوں سے  متاثر کرتی ہے<br>پورا جسم دونوں ٹانگیں ایک طرف<br>جوڑوں کے درد کی وجہ سے پٹھے کس جاتے ہیں اور حرکت میں مشکل ہوتی ہے۔ | فالج Cerebaral Palsy عموماً بڑی عمر کے لوگوں کو ہوتا ہے<br>2 اور 3 فالج Cerebral Plasy<br>دوسری وجوہات بھی ہو سکتی ہیں۔<br>جوڑوں کے درد (کئی وجوہات ہیں، نیچے دیکھیں |

## جوڑوں کا درد


| | | |
|---|---|---|
| ایک یا زیادہ جوڑوں میں درد | بخار کے ساتھ یا بغیر شروع ہوتا ہے، رفتہ رفتہ بدتر ہوتا جاتا ہے لیکن بہتر اور بدتر وقفے بھی ہوتے ہیں۔  | بچپن سے جوڑوں میں سوزش<br>جوڑوں کے درد کی دوسری وجوہات (جوڑوں کے درد کے بارے میں چارٹ دیکھیں |

## لنگڑا کر چلنا یا چلنے میں مشکل ہو

| | | |
|---|---|---|
| ہر قدم پر ایک طرف کو جھکے  | اکثر ایک ٹانگ کمزور یا چھوٹی ہوتی ہے | پولیو، فالج، ہلا ہوا کولہا |
| | 4 سے 8 سال کی عمر میں اکثر شروع ہوتا ہے، گھٹنے کی درد کی شکایت کر سکتا ہے۔ | کولہے کا زخمی جوڑ |
| جڑے ہوئے گھٹنوں کے ساتھ چلنا  | پٹھوں کا کس جانا، جسم کے اوپر کا حصہ کم متاثر ہوتا ہے | فالج کی ایک قسم جس میں ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں یا ایک اور قسم جس میں جسم کے نچلے حصے متاثر ہوتے ہیں۔ |
| جڑے ہوئے گھٹنوں اور جدا پیروں کے ساتھ کھڑا ہونا اور چلنا کوئی اور مسئلہ نہیں ہوتا  |  تین سال کی عمر میں پیروں کے درمیان تین انچ سے کم فاصلہ<br> تین سال کی عمر میں پیروں کے درمیان تین انچ سے زیادہ فاصلہ | دو سے بارہ سال کی عمر میں ٹھیک ہوتا ہے<br>گھٹنوں کا آپس میں ٹکرانا |
| ایک پیر کے پنجے پر بے ڈھنگا چلنا  | متاثرہ حصے کی طرف پٹھوں کا کس جانا اور قابو نہ رکھ سکنا، اکثر اس طرف کا ہاتھ بھی متاثر ہوتا ہے۔ | جسم کے ایک طرف کا فالج<br>بڑی عمر کے لوگوں میں فالج |
| جھکے گھٹنوں اور کھلی ٹانگوں کے ساتھ بے ڈھنگا چلنا  | جھٹکوں کے ساتھ قدم اٹھانا، خراب توازن، اچانک بے قابو حرکتیں جس سے گر جا سکتا ہے۔<br>آہستہ جیسے نشے میں چلنا، چلنا بعد میں سیکھتا ہے اور اکثر گرتا ہے | خراب توازن اکثر فالج کی وجہ سے،<br>منگول Down syndrome<br>ذہنی و جسمانی کمزوری |
| دونوں پیروں کے پنجوں پر چلنا  | کمزوری خصوصاً ٹانگوں اور پیروں میں، رفتہ رفتہ بدتر ہوتی ہے۔<br>ٹانگیں اور پیر اکڑ جاتے ہیں (پٹھوں کا کس جانا) اور کوئی مسائل نہیں | پٹھوں کا نقص<br>فالج کی ایک قسم جس میں پٹھے اکڑ جاتے ہیں۔<br>صحیح، کچھ صحت مند بچے شروع میں پنجوں پر چلتے ہیں |
| اگر ہاتھوں سے رانوں کو پیچھے دھکیلتے ہوئے یا گھٹنے پیچھے کی طرف مڑے ہوں اور چلے  | ران کے کمزور پٹھے پیر اٹھانے میں مشکل  | پولیو، پٹھوں کا نقص<br>جوڑوں کا درد، پٹھوں کی کمزوری کی دوسری وجوہات |



| | | |
|---|---|---|
| کمزور پیر جھولتا ہے  | ہر قدم کے ساتھ بچہ پیر کو اوپر<br>اٹھاتا ہے تاکہ گھسیٹنا نہ پڑے  | پولیو، Spina bifida پٹھوں کا نقص<br>پٹھوں کی کمزوری، اعصاب یا پٹھے کا زخم، کمزوری کی<br>دوسری وجہ |
| ہر قدم پر دونوں طرف لنگڑاتا ہے  | کولہوں کے قریب کمزور پٹھے یا دونوں کولہے ہلے<br>ہوئے  | پولیو، فالج Cerebral Palsy<br>Spina bifida<br>منگول ,Down syhdrome پٹھوں کا<br>نقص جو بچہ چھوٹا رہ جائے، جوڑوں کا درد<br>اپنی جگہ سے ہلے ہوئے کولہے (مندرجہ بالا میں سے<br>کسی کی وجہ سے ہو سکتا ہے) |
| کولہوں، گھٹنوں یا کہنیوں<br>کے ساتھ چلتا ہو | جب بچہ آرام سے ہو تو جوڑوں کو آہستہ سیدھا نہیں کیا<br>جا سکتا۔<br>جب بچہ آرام کر رہا ہو تو جوڑ آہستہ آہستہ سیدھے ہو<br>سکتے ہیں | چھوٹے پٹھے، ایک دوسرے میں گھسے ہوئے جوڑ<br>شاید اس وجہ سے بھی<br>پولیو، جوڑوں کا زخم، دوسری وجوہات<br>پٹھوں کا کس جانا (اکثر فالج) |
| جب پیر جڑے ہوں گھٹنے ایک دوسرے<br>سے دور ہوں، چلتے ہوئے دونوں طرف<br>لنگڑاتا ہے  |  18 مہینوں سے کم عمر<br>ان میں سے کوئی بھی<br>جوڑ بڑے یا موٹے دکھائی دے<br>عمر کے لحاظ سے چھوٹا ہو<br>کمزور ہڈیاں جو آسانی سے موڑی یا توڑی جا سکیں | اکثر صحیح ہوتا ہے۔<br>سوکھا (وٹامن ڈی اور سورج کی روشنی<br>نازک ہڈیوں کی کمی کی بیماری<br>جو بچے بہت چھوٹے رہ جاتے ہیں |
| | بازو اور ٹانگیں جسم کے تناسب سے بہت چھوٹے<br>دکھائی دیتے ہیں، پیٹ بہت نکلا ہوا ہے | ذہنی و جسمانی کمزوری،<br>منگول، اپنی جگہ سے ہلے ہوئے پٹھے |
| ہموار پیر  | کوئی درد یا دوسرا مسئلہ نہ ہو<br>پیر کے محرابی حصے میں درد ہو سکتا ہے، نقص بڑھ سکتا ہے | کئی بچوں میں عام ہوتا ہے<br>ان میں مسئلہ ہو سکتا ہے۔ فالج<br>پولیو، منگول |

## کمر کے خم اور نقائص

| | | |
|---|---|---|
| ریڑھ کی ہڈی میں<br>ایک طرف خم  | جب بچہ جھک جائے تو ایک طرف گلٹی کو<br>دیکھیں | ریڑھ کی ہڈی کا جانبی خم ان وجوہات سے ہو سکتا ہے۔<br>پولیو، فالج، پٹھوں کی کمزوری<br>Spina bifida دوسری جسمانی معذوری |




| | | |
|---|---|---|
| کمر میں جھول  گول کمر  | اکثر پیٹ باہر نکلا ہوتا ہے، یہاں پر چھوٹے پٹھوں یا پیٹ کے کمزور پٹھوں کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ | کبڑا پن ان وجوہات سے ہو سکتا ہے۔ پولیو، Spina bifide فالج Cerebral Palsy، پٹھوں کا نقص، منگول Down Syndrome، ذہنی وجسمانی کمزوری، جو بچے چھوٹے رہ جاتے ہیں، کئی دوسری معذوریاں |
| کمر میں بوا خم یا ریڑھ کی ہڈی میں گلٹی  | بغیر درد کے آہستہ شروع ہوتے ہیں، اکثر خاندان میں ٹی بی کی وجہ سے، جسم کا نچلا حصہ اس سے مفلوج ہو سکتا ہے۔ | کبڑا پن ان کے ساتھ اکثر ہوتا ہے، جوڑوں کی سوزش، ریڑھ کی ہڈی کا زخم، شدید پولیو، نازک ہڈیوں کی بیماری<br>ریڑھ کی ہڈی کا ٹی بی |
| ریڑھ کی ہڈی کے اوپر نرم اور گہرا پھوڑا  | پیدائش کے وقت موجود ہوتا ہے، بعض اوقات ریڑھ کی ہڈی کے اوپر نرم یا تھوڑی سے پھولی ہوئی جگہ | Spina bafiba<br>کمر پر پھوڑا |

## دوسرے نقائص

| | | |
|---|---|---|
| جسم کے حصوں کی غیر موجودگی | پیدائشی اس طرح  ہاتھ پیروں کو حادثاتی طور پر یا آپریشن میں کھونا  وہ لوگ جو محسوس نہیں کر سکتے اکثر انگلیوں، پنجوں، ہاتھوں یا پیروں کو کھو جاتے ہیں  | غائب یا نامکمل حصوں کے ساتھ پیدا ہونا۔<br>کسی عضو کا کاٹنا، ہڈی کے مغز میں سوزش بعض اوقات جزام، (ہاتھ یا پیر) Spina bifida صرف پیر کے ساتھ دیکھی جاتی ہے |
| ہاتھوں کے مسائل پیدائش کے وقت سے ہاتھوں کے مسائل | فالج (پٹھوں کا کھچاؤ نہیں)  اگر احتیاط نہ کی جائے تو انگلیاں ایسی سکڑ سکتی ہیں کہ پھر کھولی نہ جا سکے<br>پٹھوں کا بے ساختہ کس جانا، عجیب حرکتیں، یا ہاتھ مٹھی کی شکل میں <br> جلے کے داغ اور نقائص | پولیو، پٹھوں کیلئے خوراک کی کمی، پٹھوں کی کمزوری، گردوں پر ریڑھ کی ہڈی میں زخم، جزام، اعصاب یا بازو کے پٹھوں کو نقصان ان سب کی وجہ سے سکڑ ہو سکتا ہے۔<br>فالج Spastic Cerebral Plasy اس کی وجہ سے پٹھے کس سکتے ہیں۔<br>جلا |

| | | |
|---|---|---|
| پیروں کا مڑ جانا (پیدائش کے وقت سے مڑے ہوئے پیر  | اگر روک تھام نہ کی جائے تو نرم کمزوری کے طور پر شروع ہو کر پٹھوں کے کس جانے سے سخت ہو جاتے ہیں | کئی جسمانی معذوریوں کے ساتھ ہو سکتا ہے، پولیو، فالج، ریڑھ کی ہڈی کی بیماری، پٹھوں کی خوراک کی کمی، جوڑوں کی سوزش، ریڑھ کی ہڈی کا زخم |

## ایسی معذوریاں جو دوسری معذوریوں کے ساتھ ہوتی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سست نشوونما والا بچہ اپنے جسم کے استعمال اور بنیادی مہارت سیکھنے میں سست ہوتا ہے  | دماغ کی سست یا نامکمل کارکردگی یا دونوں کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔<br>ضرورت سے زیادہ حفاظت کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے جب بچے کو وہ کچھ نہیں کرنے دیا جائے جو وہ کر سکتا ہے۔ | اکثر ان میں دیکھا گیا ہے۔<br>ذہنی کمزوری، فالج، شدید معذور بچے<br>کسی بھی معذوری کے ساتھ کچھ سستی ہو سکتی ہے |
| پٹھوں کا چھوٹا رہ جانا، وہ جوڑ جو پٹھوں کے چھوٹا رہ جانے کی وجہ سے سیدھے نہیں ہو سکتے جوڑ سیدھے نہیں  | عام طور پر پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔<br>جوڑ کو ایک طرف کھینچنے والے پٹھے اکثر ان پٹھوں سے کمزور ہوتے ہیں جو اس کو دوسری طرف کھینچتے ہیں (غیر متوازن جوڑ)<br>بعض اوقات زخم یا جلنے کے داغوں سے ہوتا ہے | اکثر ان کے ساتھ ثانوی طور پر ہوتا ہے<br>پولیو، فالج، ریڑھ کی ہڈی کی بیماری<br>جوڑوں کی سوزش<br>پٹھوں کی خوراک کی کمی<br>کندھے اور بازوں کے پٹھوں کا فالج، کٹے ہوئے اعضاء<br>جذام<br>جلا |
| طرز عمل کے مسائل  | ان وجوہات سے ہو سکتا ہے، دماغ کی کمزوری، چیزوں کو سمجھنے میں مشکل، ضرورت سے زیادہ حفاظت، مشکل گھریلو حالات (دماغ کی کمزوری کی وجہ سے مرگی والے کچھ بچے اپنے بال کھینچتے ہیں یا خود کو کاٹتے ہیں وغیرہ | طرز عمل کے مسائل ان کے ساتھ عام ہوتے ہیں، دماغی معذوری، مرگی، فالج اور جذباتی وجوہات کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا زخم،<br>پٹھوں کے خوراک کی کمی، بہرہ پن<br>سیکھنے کی معذوری |
| صرف کچھ چیزیں سیکھنے میں سست ہوتے ہیں، ویسے ذہین ہوتے ہیں | اکثر ضرورت سے زیادہ متحرک یا خوفزدہ<br>بعض اوقات طرز عمل کے مسائل | سیکھنے کی معذوری |
| گویائی اور تبادلہ خیالات میں مسائل | اکثر بہرے پن یا ذہنی کمزوری یا دونوں کی وجہ سے ہو سکتا ہے لیکن ہمیشہ نہیں<br><br>کچھ بچے اچھی طرح سن سکتے ہیں اور ذہین ہوتے ہیں مگر پھر بھی نہیں بول سکتے | ان کے ساتھ ہو سکتا ہے<br>بہرہ پن، سست نشوونما، فالج، منگول<br>ذہنی و جسمانی کمزوری جو پٹھے چھوٹے رہ جائیں، سخت لیکن نازک ہڈیوں کی بیماری، ہونٹوں اور جبڑوں میں ملاپ نہ ہونا، (بہرہ پن ان معذوریوں یا دوسری معذوریوں کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| دوسرے مسائل جو اکثر دوسری معذوریوں کے ساتھ ہوتے ہیں (ان میں سے کچھ ہم نے پہلے بھی اس چارٹ میں شامل کئے ہیں | اصل معذوری، فالج<br>فالج کے ساتھ کئی معذوریاں<br>جو لوگ محسوس کرنے کی صلاحیت کھو چکے ہیں، جزام، ریڑھ کی ہڈی کا زخم | عام ثانوی معذوریاں، اندھاپن، بہرہ پن، مرگی<br>ریڑھ کی ہڈی میں خم<br>متواتر دباؤ سے گوشت پر ابھرنے والا السر، ہڈی کے مغز میں سوزش، پیشاب اور پاخانے کا کنٹرول کھونا |

☆☆☆☆☆☆